© rasailojaraid.com



ؓ(۴)اسلام اور فلسفۂ قدیم (۵)اسلام اور صوفیائے کرامؒ (۶)اسلام اور تمدن جدید

محترم ڈاکٹر صاحب دامت برکاتہم نے جدید کتب کی روشنی میں اسلام کے جدید معترضین کے پھیلائے گئے شکوک وشبہات کا تسلی بخش جواب دیا ہے۔ کتاب اپنے موضوع کے اعتبار سے بہرصورت مکمل اور مدلل ہے۔ پیرایۂ بیان نہایت عمدہ اور شستہ ہے۔ اندازِ تخاطب انتہائی متین ہے اور لہجے میں تلخی یا مروّجہ مناظرانہ اسلوب کی بجائے بات کو عمدگی کے ساتھ سمجھانے کا معتدل طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ جس کی بدولت فاضل مؤلف کے نقطۂ نظر سے اختلاف رکھنے والے حضرات کے لیے بھی یہ ایک گرانقدر اور قابل مطالعہ کتاب ہے اور عہدِ موجودہ کے ہر شعبۂ زندگی سے متعلق صاحبانِ فکر و نظر کے لیے بھی ایک بہترین تحفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ محترم ڈاکٹر صاحب زید مجدھم کی اس محنتِ شاقہ کو قبول فرمائے اور امتِ مسلمہ کو اس سے زیادہ سے زیادہ نفع اٹھانے کی توفیق عطا فرمائے۔

(تبصرہ: محمد عمر فاروق۔ ۱۰/۱ے فیصل چوک تلہ گنگ، ضلع چکوال)

- کتاب: جانشین پیغمبر ﷺ　　افادات: مولانا حافظ محمد ندیم قاسمی　　مرتب: مشتاق احمد قریشی

ضخامت: ۳۰۴ صفحات　　قیمت: ۱۵۰ روپے　　ناشر: مکتبہ سید احمد شہیدؒ کچہری روڈ پسرور سیالکوٹ

مولانا حافظ محمد ندیم قاسمی ایک باہمت اور محنتی نوجوان ہیں۔ علمی وتحریری کام سے انہیں طبعی اُنس ہے۔ علماء حق کی تقریروں کو نقل ومرتب کرنا اور خوبصورت کتابی شکل میں انہیں شائع کرنا اُن کا بہترین مشغلہ ہے اور بلاشبہ یہ ایک دینی خدمت ہے۔ ''جانشین پیغمبر (سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ)'' اُن کے اپنے خطبات کا مجموعہ ہے۔ جسے مشتاق احمد قریشی نے مرتب کیا ہے۔ حافظ محمد ندیم صاحب نے خلیفۂ بلافصل سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ولادت سے وفات تک کے حالات ترتیب اور اختصار کے ساتھ بیان کیے ہیں اور بہت سی اہم معلومات کو عام قاری تک پہنچانے کی خوبصورت کوشش کی ہے۔ زبان سادہ اور عام فہم ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کو قبول فرمائے۔ (آمین)　　(تبصرہ: محمد الیاس)






© rasailojaraid.com